# دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تعلیمی اور عملی اکائیوں کے درمیان روابط کو فروغ دینے کے مقصد سے سپروائزری میٹ دو ہزار پچیس منعقد کیا

29,September,2025

شعبہ سوشل ورک، فیلڈ ورک اکائی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلبہ، فیکلٹی اراکین اور سوشل سیکٹر کی تنظیموں اور غیر سرکاری تنظیموں کے درمیان بامعنی رابطے کے فروغ کے مقصد سے مورخہ چھبیس ستمبر دو ہزار پچیس کو اپنی سپروائزری میٹ منعقد کی۔ پروگرام کے انعقاد سے طلبہ کے لیے این جی اوز اور ایجنسی کے نمائندوں سے بات چیت کرنے کا بہترین موقع فراہم ہوا نیز سوشل ورک اور سوشل سیکٹر کے میدان میں نئے ابھرتے رجحانات و میلانات سے روشناس ہونے کے ساتھ ملازمت کے سلسلے میں گہری بصیرت بھی حاصل ہوئی۔ اس ملاقات میں دہلی اور این سی آر کے پینتیس سے زیادہ این جی او کے نمائندگان کے ساتھ ستاون شرکا ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے۔

ڈاکٹر روبینا نصرت (کوڈائریکٹر، فیلڈ ورک) نے شرکا اور تنظیموں کے نمائندگان کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے سپروائزری میٹ کے لیے ماحول تیار کیا۔ پروفیسر رویندر رمیش پاٹل، صدر، شعبہ سوشل ورک کے خطبہ استقبالیہ سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ انہوں نے اپنے خیر مقدمی تقریر میں پروگرام کے مہمان اعزازی، پروفیسر محمد مسلم خان، ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسز، این جی او نمائندگان اور شعبے کے فیکلٹی اراکین کا باقاعدہ استقبال کیا۔ انہوں نے سامعین کے سامنے سپروائزری میٹ کا پس منظر رکھا اور سماجی طور پر ذمہ دار اور اخلاقی لحاظ سے مستند پیشہ ور سماجی ورکرس تیار کرنے کے سلسلے میں شعبے کے مشن کو اجاگر کیا۔ تصاویر کی مدد سے انہوں نے شعبے کی حصولیابیوں کو بتایا ساتھ ہی گزشتہ برسوں میں این جی اوز کے ساتھ مل کر کام کرنے کے سلسلے میں بھی بتایا اور طلبہ کی رہنمائی و سرپرستی کے لیے ایجنسیوں کے متواتر تعاون کا بھی شکریہ ادا کیا۔

پروفیسر محمد مسلم خان نے طلبہ کی تعلیمی و پیشہ ورانہ سفر کو جہت دینے میں ایجنسیوں کی شراکت کی اہمیت اجاگر کی اور اختصار کے ساتھ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سفر کو بتایا۔ پروفیسر ویریندر بالاجی شاہرے، ڈائریکٹر، فیلڈ ورک اینڈ پلیسمنٹ نے سامعین کو فیلڈ ورک کے جائزے کے ساتھ ساتھ، وژن، مشن اور اس کے اہداف بھی بتائے۔ انہوں نے اس موقع پر ایم۔ اے (ایس ڈبلیو)، ایچ آر ایم، اے ڈی پی ایچ اور بی۔ اے (آنرس) سوشل ورک کے فیلڈ ورک کا تفصیلی خاکہ بھی پیش کیا۔ نیز انہوں نے طلبہ کی عملی آموزش اور کیریئر کی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے ایجنسیوں کے ساتھ فعال اور سرگرم شراکت کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

سپروائزری میٹ کے تمام شرکا نے باری باری سے اپنا اپنا تعارف پیش کیا۔ میٹ کی اہم بات 'پیراڈائم شفٹ فرام چیریٹی ٹو رائٹ بیسڈ اپروچ' کا اوپن ہاؤس تھا جس کی نظامت کے فرائض پروفیسر اوشوندر کور پوپلی نے انجام دیے۔ ایجنسی کے نمائندگان نے فیلڈ ورک

کے استحکام،سوشل ورک ماہرین کے لیے درکار اہم مہارتیں اور فعال سماجی سیکٹر کی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کی تدابیر کے موضوعات پر اپنے تناظرات پیش کیے۔این جی اوز کے نمائندگان مادھوی کوٹوال سیمسن (اے بی ایچ اے ایس)،محترمہ دیشا (کیلاش ستیارتھی) اور محترمہ ارونا (ایچ اے قیو) نے سماجی ترقی میں بہتر سے بہتر تعلیمی و آموزشی ضرورت کی اہمیت،مینٹل ہیلتھ اور شیڈ و کونسلنگ ، برتاو کی ترسیلی تبدیلی اور پروجیکٹ مینجمنٹ کے شعبوں میں مہارت کی بڑھتی ضرورت کو اجاگر کیا۔ڈاکٹر سنجے (اشریہ ادھیکارابھیان) کسوم فاروقی (ٹی سی ٹی ایف) رانو کالرا، کے۔پی سنگھ (نوشرشٹی) معصوم اختر (ہوپ پروجیکٹ)، راکیش سراکر (جام گھاٹ) اور رینو (سی اے ایس پی) سمیت دیگر نمائندگان انٹرنس کی پلیسمنٹ سے پہلے واقفیت کے پروگرام کی تربیت حاصل کرنے ،منظّم منصوبہ بندی اور تنظیم کے تئیں انٹرنس کی خدمات کے سلسلے میں بتانے کے ساتھ ساتھ کمیونی ٹی میں گھلنے ملنے کے مواقع فراہم کیے۔

ڈاکٹر منگماوی گنگٹے ،کوڈائریکٹر فیلڈ ورک اینڈ پلیسمنٹ کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔اپنے شکریے میں انہوں نے پروگرام کے کامیاب انعقاد کے لیے فیکلٹی اراکین،طلبہ،ایجنسی شراکت داروں،امدادی اسٹاف اور ڈین کے تعاون کا اعتراف کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔اخیر میں چائے ناشتے اور نیٹ ورکنگ سیشن میں شرکا کو ون ٹو ون بات کرنے ،اپنے خیالات ساجھا کرنے اور پیشہ ورانہ ربط ضبط بڑھانے اور مضبوط کرنے کا موقع فراہم ہوا۔پروگرام کے اخیر میں ایجنسی کی نمائندگان کی خدمت میں بطور نذرانہ ستائش سبزہ پیش کیا گیا۔

سپروائزری میٹ،تعلیمی اور عملی اکائیوں کے درمیان فاصلے کو کم کرنے اور جمہوری برتاؤ کو فروغ دینے کے سلسلے میں شعبے کے عہد کی توثیق کرتا ہے۔طلبہ،فیکلٹی ارکین اور ایجنسیوں کو ایک ساتھ ایک پلیٹ فارم پر لانے سے اس کا مقصد آموزش کو بہتر کرنا اور ایسے نیٹ ورک کی تعمیر ہے جو سوشل ورک کے ماہرین کی نئی نسل کو اہلیت واستعداد، لچک اور خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے کیریئر میں آگے بڑھنے میں مدد بہم پہنچائے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی،تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ